PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

# PULSE

## NEWSLETTER

ISSUE 22 JAN–MAR 2019

**YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE**



Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company Limited, ZaraiTaraqiati Bank Limited and Pak Kuwait Investment Company Limited. The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

HEDGE

# PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE LIMITED (PMEX)


Head Office
3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road Gizri,
Karachi-75600, Pakistan.

Lahore Office
Office # 01, P2 Floor, Ali Tower,
105-B2, M.M. Alam Road, Gulberg 3,
Lahore, Pakistan.

Customer Support Services
UAN: +2-21-111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

Islamabad Office
Office No. G-9 (B), ISE Towers,
Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad, Pakistan.

Karachi: +92-21-111-623-623
Islamabad: +92-051-2894003-4
Lahore: +92-042-35752825-6
FAX: +92-21-35155022


TRADE


**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.



Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design Agency: Conte'
Printer: Appletree Graphics

# CONTENT

01 Message from the Desk of Managing Director

02 PMEX Launches Direct Funds Model

03 PMEX Continues on its Growth Path in First Half of FY19

04 PMEX Signs MoU with HashMove

05 ADB Delegation visits PMEX

06 Awareness Programs

07 PMEX Participates in Job Fairs

08 Corporate Social Responsibility

09 Top Ten Brokers

10 Circulars and Notifications

11 PMEX Highlights

12 Price Trend of Commodities

# MESSAGE FROM THE DESK OF MANAGING DIRECTOR



I take this opportunity to welcome you to the first issue of PULSE 2019.

The year 2018 was another successful year for the Exchange. I am delighted to inform you that year 2018 witnessed a significant surge in profit and trading volume as more and more investors are now taking interest in the diversified portfolio of futures contracts being offered by the Exchange. To further enhance the product portfolio, cash settled futures contracts of wheat, corn, soybean, palladium and Japan Equity Index were added during the year.

I am pleased to inform you that the Exchange plans to expand its membership base significantly after the complete deployment of Direct Fund Model (DFM), which is expected by June 2019. DFM allows investors to directly deposit & withdraw cash into their PMEX account. This model would allow the exchange to bring new members into its fold thereby provide services to a larger investor base across the country.

With sights set on our vison to connect the Exchange with the local economy, we are relentlessly working on developing multiple ecommerce platforms for local commodities in addition to introducing a new back end trading system and optimization of current Electronic Trading System (ETS) system.

I take this opportunity to thank PMEX Board of Directors, Securities & Exchange Commission of Pakistan and market participants for their continued patronage and confidence on the PMEX management team.

Looking forward to another year of development and progress.

Thank you

Ejaz Ali Shah
Managing Director

# PMEX LAUNCHES DIRECT FUNDS MODEL



Protecting the interest of market participants has been one of the key objectives of PMEX, since inception. To meet this objective, the Exchange has been undertaking various measures for the creation and development of a robust and transparent futures market.

In its latest endeavour, PMEX has launched the Direct Funds Model (DFM). Under this arrangement, the Exchange directly collects funds from the clients as well as directly transfers the withdrawals into their bank accounts. In a nutshell, DFM allows the investors to directly deposit and withdraw cash from their account without involvement of the broker. In essence, the DFM empowers the market participants to get complete control of their assets at all the times and restricts the role of the brokers primarily to service the existing clients and solicit new business.

To maintain the sanctity of the clients' information and curb misuse of funds, the Exchange has incorporated additional features i.e. security checks and alerts in cash collection and withdrawal processes. These checks include approval of profile by the client, tagging of IBAN, email and mobile number to a single UIN and system generated SMS/email alerts for each trade and funds movement.

The Exchange is confident that the introduction of DFM will not only help the Exchange in strengthening its risk management system, but also in protecting the interest of the clients and boosting their confidence to actively trade at the regulated platform of PMEX.

# PMEX CONTINUES ON ITS GROWTH PATH IN FIRST HALF OF FY19




PMEX reported record financial performance for the first half of FY19 since commencement of operations in 2007.

The Exchange earned profit after tax of PKR 38.817 million for the first half of FY19 as compared to PKR 12.342 million for the corresponding period of FY18, posting an increase of 214.5 percent. The operating income of the Exchange grew to PKR 171.391 million from PKR 118.732 million during the period under review, posting an increase of 44.35 percent.

The increased profitability can primarily be attributed to growth in trading volume, which grew to PKR 1,577.09 billion in the first half of current financial year from PKR 639.46 billion for the same period last year, posting an increase of 146.63 percent. The exponential growth in trading volume was the accumulative result of expansion of product suite, induction of new members and liquidity providers and introduction of world renowned trading terminal – MetaTrader 5.

Commenting on the financial performance, Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX, said, ***"We are delighted to report an outstanding performance in the first half of FY19. The results indicate that the positive trend from FY18 is continuing. We have become more focused and committed to creating a robust, transparent and efficient futures market in the country by capitalizing on our outreach, diversifying product suite and providing a state-of-the-art technology platform. We are thankful to Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) and Board of Directors of PMEX for their support and guidance."***

# PMEX SIGNS MOU WITH HASHMOVE

PMEX signed a Memorandum of Understanding (MoU) with HashMove for cooperation in developing a digital multimodal logistics platform connecting buyers and sellers of commodity futures anywhere around the globe.




The objective of the MoU is to explore the possibility of handling the logistic arm of Exchange's upcoming Global Trading Platform (GTP). The Exchange is actively working on developing GTP that will showcase local commodities of the country to the global market by offering an end-to-end one-window solution. The GTP will enable international buyers to purchase local commodities of certified quality conveniently and get these delivered at a port of their choice. By removing the middlemen in the process, the platform would be able to offer a better price to both, buyers and sellers.

Once GTP is integrated with HashMove's platform, PMEX will be the first exchange in the South Asian & Middle Eastern regions that has the ability to provide a unique opportunity to its buyers to search and book their shipment instantly. It will also provide complete visibility of pricing, scheduling and tracking of the same shipment right from the place of purchase till the port of destination.




The Exchange is confident that joining hands with HashMove would further enrich the GTP and go a long way in providing a seamless buying, selling and logistics experience to the clients.

# ADB DELEGATION VISITS PMEX

A delegation of Asian Development Bank (ADB) led by Ms. Xiaohong Yang, Country Director, Pakistan Resident Mission, visited PMEX office. Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX welcomed the delegation and gave them a detailed presentation on Exchange business model, current product suite and upcoming products

ADB ASIAN DEVELOPMENT BANK

# AWARENESS PROGRAMS

In order to increase awareness about commodity futures trading and improve participation in the market, PMEX regularly conducts nation-wide awareness programs for different stakeholders of the economy, which include organizations, associations, chambers and educational institutes. During Jan-Mar 2019 quarter, the Exchange organized the following sessions:

### Futures Training 101

The Exchange conducted twelve (12) training sessions under the banner "Futures Trading 101". These weekly free of cost training sessions were scheduled on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm at PMEX premises. The sessions were attended by a wide array of potential investors from different walks of life. The training provided in-depth knowledge about futures trading at a regulated platform of PMEX.

### Broker Training Sessions

PMEX organized awareness sessions in collaboration with its brokers, namely Rays Commodities (Pvt.) Limited (in Karachi) and Market 786 (Pvt.) Limited (in Hyderabad).





### Rotary Club

Rotary Club invited Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX, at its weekly meeting to address the members of the Club. The event was held at PC Hotel Karachi and attended by a large number of guests. Mr. Shah made an elaborate presentation covering commodity futures market in Pakistan and the role being played by the Exchange. He talked about PMEX business model, products currently being traded and upcoming products.





### Karachi Chamber of Commerce

An awareness session about Commodity Futures Trading at PMEX was conducted for the members of Karachi Chamber of Commerce. Mr. Hasan Mahmood, Head of Business Development represented the Exchange at the session. Mr. Mahmood briefed the members of the chambers about commodity futures market in Pakistan and the role being played by PMEX. He also elaborated on the topics such as the benefits of hedging against market volatility, price discovery, transparency and risk management mechanism in trading and settlement of transactions.



### Organizations

The awareness sessions were also conducted at Central Depository Company of Pakistan Limited (CDC) and National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL). These sessions started with screening of PMEX documentary that was followed by a comprehensive presentation about the Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. The sessions were followed by highly interactive Q&A sessions.





### Educational Institutes

The Exchange conducted interactive awareness sessions for the students and faculty members of Institute of Business Administration (IBA), Tabani's School of Accountancy, National University of Sciences and Technology (NUST) and CECOS University of IT and Emerging Sciences. The participants were briefed about the benefits of trading commodities at a regulated platform and the role being played by the Exchange. To acquaint newcomers with commodity trading, the students were also briefed about the facility of MetaTrader 5 Demo Trading Account service, which is similar to the real account with the exception that trading is done with virtual money.





# PMEX PARTICIPATES IN JOB FAIRS

During Jan-Mar 2019 quarter, PMEX actively participated in job fairs at some of the leading universities of Karachi. These included Institute of Business Administration (IBA), Bahria University, Iqra University and Karachi University. The purpose of participating in job fairs was to offer graduates an opportunity to shape their future and accelerate their personal and professional growth by joining Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange.

Ms. Faiza Hussain, Head of Human Resources, conducted engaging and interactive sessions. She briefed the students and the faculty members about the core business of the Exchange and its workings with especial emphasis on recruitment process. The participants watched the presentation with keen interest and also actively participated in Q&A sessions.











# CORPORATE SOCIAL RESPONSIBILITY

PMEX encourages its employees to become cause champions and help local communities where they live and work. The Exchange empowers its employees through volunteering programs, which resonate with organization's own values and culture.



In line with this, PMEX employees regularly participate in Rahbar, a structured seven weeks mentorship program of The Citizens Foundation (TCF) aimed at developing responsible youth. Through this program, PMEX employees have not only helped many underprivileged children to learn how to improve academically and become good citizens, but also improved their own well-being.

During Jan - Mar quarter 2019, Yasir Butt, Senior Officer Business Development, participated in 30th program of Rahbar.

*"Participation in Rahbar program not only provides an opportunity to represent PMEX at a platform where senior executives from many blue chip companies participate, but also enable the participants to learn from children who are in no way less than the children of posh localities. I have participated in this program for the first time, but felt comfortably at home in mentoring the kids and learning from them, who have unique abilities"*

**Yasir Butt**
**Senior Officer, Business Development**

# TOP TEN BROKERS

## January - March, 2019

Total contracts traded: 1,420,896 | Total Rupee Value Traded: 630.442 billion | Number of Brokers active: 56

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | Jahanzaib Commodities (Pvt.) Limited |
| 2 | Jahanzaib Commodities (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 3 | Azam Gold Trading (Pvt.) Limited | Azam Gold Trading (Pvt.) Limited |
| 4 | Rays Commodities (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 5 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | FinTech (Pvt.) Limited |
| 6 | Enrichers (Pvt.) Limited | Rays Commodities (Pvt.) Limited |
| 7 | JS Global Capital Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 8 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | JS Global Capital Limited |
| 9 | BIPL Securities Limited | Matrix Commodities Management (Pvt.) Limited |
| 10 | FinTech (Pvt.) Limited | BIPL Securities Limited |

# CIRCULARS AND NOTIFICATIONS

**January 01, 2019**
All brokers were informed about revised market timings, except for local agri and financial futures contracts that became effective from January 02, 2019.

**January 16, 2019**
Attention of all brokers was invited to Regulation 14(8) of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (Anti Money Laundering and Countering Financing of Terrorism) Regulations, 2018, which requires filling of Status Report of Suspicious Transaction for the half year ended December 31, 2018, with the SECP under intimation to the Exchange by January 18, 2019.

**January 17, 2019**
All brokers were informed about an early market closure on account of an international holiday on Monday, January 21, 2019.

**January 22, 2019**
All brokers were informed that National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) has been licensed as a Centralized Know Your Customer (KYC) Organization (CKO) under Centralized Know Your Customer (KYC) Organization Rules, 2017. They were informed that KYC process for customers would be performed only once and shall not be required again. The process will be applicable on the clients of securities as well as commodity futures brokers. They were also informed that in this regard NCCPL had scheduled awareness sessions in Karachi, Lahore and Islamabad, and requested to nominate their representatives to attend these sessions.

**January 30, 2019**
All brokers were informed that the Exchange would remain open for trading during the upcoming holiday of Kashmir Day on Tuesday, February 05, 2019. However, market would remain closed for all local commodities.

**February 14, 2019**
All brokers were informed about an early market closure on account of an international holiday on Monday, February 18, 2019.

**February 15, 2019**
All brokers were reminded that the Exchange was in the final stages of implementation of Direct Fund Model. Brokers were advised to ensure entry of IBAN details of all their clients in the TAMS as soon as possible. They were also informed that in the absence of correct details, clients will not be able to deposit/withdraw funds.

**February 22, 2019**
All members were informed about suspension of the trading rights of Khadija Commodities (Pvt.) Limited with immediate effect due to violation of various provisions of PMEX General Regulations.

**February 20, 2019**
All members were informed that PMEX Board of Directors has decided to reduce Annual Membership Fee for the year 2019 to PKR 50,000 from PKR 75,000 for all those members who clear all outstanding dues latest by April 30, 2019.

**March 5, 2019**
All market participants were advised to use two links, http://drtrade.pmex.com.pk and http://drtrade2.pmex.com.pk in case of any interruption in normal trading activities. They were also advised to always refer to relevant CSR reports before commencing trading activity under unusual circumstances. In case of any discrepancy in positions and cash balances, they were requested to contact their broker immediately.

**March 8, 2019**
All market participants were informed that Daylight Saving Time (DST) 2019 would become effective in the United States from March 11, 2019. They were also informed that 1) Market Maker quotes will not be available for the designated Contracts, 2) Market Orders will not be accepted and 3) Auto-liquidation(s) will not be executed during specified timings.

**March 08, 2019**
All brokers were informed that the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued a Directive vide S.R.O. 245(I)/2019 dated February 22, 2019 regarding Anti Money Laundering and Countering Financing of Terrorism Regulations, 2018. They were directed to comply with reporting requirements and submit information in the prescribed manner to the respective supervisory department of the SECP.

**March 11, 2019**
All brokers were informed that for the purpose of reporting Suspicious Transaction Reports (STRs) and Currency Transaction Reports (CTRs), the Financial Monitoring Unit (FMU) has developed goAML app for data collection, analysis and dissemination of the same. Brokers were advised to immediately register themselves on goAML.


**March 13, 2019**
All members were informed about suspension of the trading rights of M/s. Arsh Commodities (Pvt.) Limited with immediate effect due to violation of various provisions of PMEX General Regulation.

**March 26, 2019**
All brokers were informed about Non Cancellation Range (NCR) of newly listed contracts.

# PMEX HIGHLIGHTS

### PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE

in PKR Billions





### VOLUMES OF 14 MAJOR COMMODITIES


in PKR Billion





### TRADED VOLUME




### DEMO TRADING ACCOUNTS




### NEW UINs



# سرکلرز اور نوٹیفکیشنز

**01 جنوری 2019**

تمام بروکرز کو ترمیم شدہ مارکیٹ کے اوقات کے بارے میں آگاہ کیا گیا جن کا اطلاق ماسوائے لوکل ایگری اور فنانشل فیوچرز کنٹریکس پر ہوگا۔ یہ اوقات 02 جنوری 2019 سے نافذ العمل کر دیئے گئے ہیں۔

**06 جنوری 2016**

تمام بروکرز کی توجہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کاؤنٹرنگ فنانسنگ آف ٹیررازم) ریگولیشنز 2018 کی طرف دلائی گئی جس کے تحت ان کو مشکوک ٹرانزیکشنز کی ششماہی رپورٹ 31 دسمبر 2018 تک کے عرصے کیلئے 18 جنوری 2019 تک جمع کرانی تھی اور اس کی کاپی ایکسچینج کو فراہم کرنا تھی۔

**17 جنوری 2019**

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایک بین الاقوامی چھٹی کی وجہ سے 21 جنوری 2019 کو مارکیٹ جلد بند کر دی جائے گی۔

**22 جنوری 2019**

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) کو اپنے گاہک کو جانیئے (کے وائی سی) کا مرکزی ادارہ (سی کے او) مقرر کیا گیا ہے۔ ان کو یہ اطلاع بھی دی گئی کہ ایک دفعہ کے وائی سی کا عمل مکمل ہونے کے بعد اس کی دوبارہ ضرورت نہیں پڑے گی۔ اس عمل کا اطلاق سیکیورٹیز اور کموڈٹیز فیوچرز کے بروکرز پر یکساں ہوگا۔ ان کو یہ اطلاع بھی دی گئی کہ اس سلسلہ میں آگاہی پروگرامز کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں منعقد کیئے جائیں گے۔ ان کو یہ ہدایت کی گئی ان آگاہی پروگرامز میں شرکت یقینی بنانے کیلئے اپنے نمائندے نامزد کریں۔

**31 جنوری 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ بروز منگل، 05 فروری 2019، کشمیر ڈے کی چھٹی کے دن ایکسچینج پر بین الاقوامی کموڈٹیز میں ٹریڈنگ جاری رہے گی تاہم لوکل کموڈٹیز میں ٹریڈنگ بند رہے گی۔

**14 فروری 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ بروز پیر 18 فروری 2019 ایک بین الاقوامی چھٹی کی وجہ سے ٹریڈنگ معمول کے اوقات سے پہلے بند کر دی جائے گی۔

**15 فروری 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ ایکسچینج ڈائریکٹ فنڈز ماڈل متعارف کرانے کے آخری مراحل میں ہے۔ ان کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے کلائنٹس کی معلومات کی ٹیمز میں اندراج کے وقت آئی بی اے این کی صحیح تفصیل جلد از جلد درج کریں۔ ان کو یہ بھی اطلاع دی گئی کہ صحیح معلومات درج نہ ہونے کی صورت میں کلائنٹس فنڈز کی ڈیپازٹ اور وصولی نہیں کر سکیں گے۔

**22 فروری 2019**

تمام ممبرز کو خدیجہ کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے ٹریڈنگ رائٹس کی معطلی کے بارے میں اطلاع دی گئی جو فوری طور پر نافذ العمل ہے۔ یہ معطلی پی ایم ای ایکس کے جنرل ریگولیشنز کی مختلف شقوں پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے کی گئی ہے۔

**20 فروری 2019**

تمام ممبرز کو اطلاع دی گئی کہ پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سالانہ ممبرشپ فیس ان ممبران کیلئے جو تمام واجب الادا رقومات 30 اپریل 2019 تک جمع کرا دیں گے 75,000 روپے سے کم کر کے 50,000 روپے کر دی ہے۔

**05 مارچ 2019**

تمام مارکیٹ کے شرکاء کو ہدایت کی گئی کہ حسبِ معمول ٹریڈنگ میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ کی صورت میں وہ لنکس http://drtrade.pmex.com.pk اور http://drtrade2.pmex.com.pk استعمال کریں۔ ان کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ غیر معمولی حالات میں ٹریڈنگ دوبارہ شروع کرنے سے پہلے متعلقہ سی ایس آر رپورٹس سے رجوع کریں۔ پوزیشنز اور کیش بیلنس میں فرق کی صورت میں اپنے بروکر سے فوری رابطہ کریں۔

**08 مارچ 2019**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا امریکہ میں دن کی روشنی کی بچت کا عمل 11 مارچ 2019 سے نافذ العمل ہو جائے گا۔ ان کو یہ بھی اطلاع دی گئی کہ: 1) بیان کردہ کنٹریکس میں مارکیٹ میکر کے کوٹس دستیاب نہیں ہوں گے۔ 2) مارکیٹ آرڈر نہیں لیئے جائیں گے۔ 3) بیان کردہ اوقات میں آٹو لیکویڈیشن پر عمل نہیں کیا جائے گا۔

**08 مارچ 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایک ڈائریکٹو SRO 245(1)2019 بتاریخ 22 فروری 2019 بسلسلہ اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کاؤنٹرنگ ٹیررازم ریگولیشنز 2018 جاری کیا ہے ان کو ہدایت کی گئی کہ رپورٹنگ کی ضروریات کے بطابق معلومات ایس ای سی پی کے متعلقہ سپروائزری ڈیپارٹمنٹ میں جمع کرا دیں۔

**11 مارچ 2019**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ مشکوک ٹرانزیکشن رپورٹس (ایس ٹی آر) اور کرنسی ٹرانزیکشن رپورٹس (سی ٹی آر) فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) میں جمع کرانے کیلئے ایک ایپ GoAML تیار کی گئی ہے جس کے ذریعے ڈیٹا جمع کیا جائے گا اور اس کی ترسیل کی جائے گی۔ بروکرز کو ہدایت کی گئی وہ GoAML ایپ کیلئے خود کو فوری طور پر رجسٹر کریں۔

**13 مارچ 2019**

تمام ممبرز کو اطلاع دی گئی کہ عرش کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے ٹریڈنگ رائٹس پی ایم ای ایکس کی جنرل ریگولیشنز کی خلاف ورزی کی وجہ سے فوری طور پر معطل کر دیئے گئے ہیں۔

**26 مارچ 2019**

تمام ممبرز کو اطلاع دی گئی نئے لسٹڈ کنٹریکس کی نان کینسیلیشن رینج (این سی آر) جاری کر دی گئی ہیں۔

# کارپوریٹ سوشل ذمہ داری



پی ایم ای ایکس اپنے یہاں کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ کسی مقصد کے حصول کیلئے کام کریں یا ان لوگوں کی مدد کریں جن کے ساتھ وہ رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں۔ ایکسچینج ان کو اس بات کا مجاز بناتا ہے وہ بطور رضا کار ایسے کام کریں جو نہ صرف کمپنی کی بلکہ ایکسچینج میں کام کرنے والوں کی اقدار سے بھی مماثلت رکھتے ہوں۔

اس سوچ پر عمل کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس میں کام کرنے والے رہبر پروگرام میں باقاعدگی سے شرکت کرتے ہیں جو سات ہفتوں پر مشتمل دی سٹیزن فاؤنڈیشن (ٹی سی ایف) کا ایک منظم پروگرام ہے جس کے ذریعے نئی نسل کی تربیت کی جاتی ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے پی ایم ای ایکس کے کارکن غیر مراعت یافتہ طبقے کے بچوں کو تربیت دے چکے ہیں کہ وہ کسی طرح اپنی تعلیمی صلاحیتوں کو بھی سنوار سکتے ہیں۔

جنوری۔ مارچ 2019 سہ ماہی کے دوران یاسر بٹ، سینیئر آفیسر، بزنس ڈیولپمنٹ نے رہبر سلسلہ کے 30 ویں پروگرام میں شرکت کی۔

"رہبر پروگرام میں شرکت نہ صرف پی ایم ای ایکس کو ایک ایسے پلیٹ فارم پر نمائندگی کا موقع فراہم کرتی ہے جہاں مالی طور پر مستحکم اداروں کے نمائندے شرکت کرتے ہیں بلکہ ان بچوں سے کچھ سیکھنے کے مواقع فراہم کرتے جو متمول علاقوں کے بچوں سے کسی طرح کم نہیں ہوتے۔ میں نے اس پروگرام میں پہلی بار شرکت کی ہے لیکن میں نے ان بچوں کی تربیت میں خود کو گھلا ملا پایا اور ان سے کچھ سیکھنے کا موقع ملا جو منفرد صلاحیتیں رکھتے ہیں۔"

یاسر بٹ

سینیئر آفیسر بزنس ڈیولپمنٹ

# دس سر فہرست بروکرز

## جنوری ۔ مارچ 2019

کل تجارتی معاہدے: 1,420,896 | کل تجارتی رقم: 630.442 بلین روپے | ایکٹیو بروکرز کی تعداد: 56

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ۔ جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ایچ۔ جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | اعظم گولڈ ٹریڈنگ (پرائیوٹ) لمیٹڈ | اعظم گولڈ ٹریڈنگ (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | ریز کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | این ریچز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | فنٹیک (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۶ | این ریچز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ریز کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | جے ایس گلوبل کیپیٹل لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | بلنک کیپیٹل مینیجمنٹ (پرائیوٹ) لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپیٹل لمیٹڈ |
| ۹ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ | میٹریکس کموڈٹیز مینیجمنٹ (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | فنٹیک (پرائیوٹ) لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ |

# پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی فراہمی کی مہم میں شرکت

جنوری۔ مارچ 2019 سہ ماہی کے دوران پی ایم ای ایکس نے ملازمت فراہمی کی مہم میں شرکت کی جن کا انعقاد کراچی کی صفِ اوّل کی یونیورسٹیوں میں کیا گیا ان میں انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن ( آئی بی اے )، کراچی ، بحریہ اور اقراء یونیورسٹیز شامل تھیں۔ ملازمت فراہمی کی مہم میں شرکت کا مقصد طلباء کو یہ موقع فراہم کرنا تھا وہ کس طرح اپنا مستقبل سنوار سکتے ہیں اور اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو پاکستان کے واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج میں شمولیت اختیار کر کے بڑھا سکتے ہیں۔

فائزہ حسین ، ہیڈ آف ہیومن ریسورس پی ایم ای ایکس نے باہمی دلچسپی کے ان پروگرامز کو ترتیب دیا۔ انھوں نے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کو ایکسچینج کے بنیادی کاروبار کے بارے میں آگاہ کیا۔ ان کی گفتگو کا مرکز پی ایم ای ایکس میں ملازمت حاصل کرنے کا طریقہ تھا۔ شرکاء نے ایکسچینج کے بزنس ماڈل میں گہری دلچسپی لی اور سوال و جواب کے مرحلہ میں بھرپور شرکت کی۔










## کراچی چیمبر آف کامرس



ایک آگاہی سیشن جس کا موضوع ''پی ایم ای ایکس میں کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ'' تھا کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کیلئے منعقد کیا گیا جس میں حسن محمود، ہیڈ آف بزنس ڈیولپمنٹ نے ایکسچینج کی نمائندگی کی۔ حسن محمود نے چیمبر کے ممبران کو پاکستان میں کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ اور پی ایم ای ایکس کے کردار کے بارے میں بتایا۔ انھوں نے جن دیگر موضوعات پر گفتگو کی اس میں ہیجانی مارکیٹ میں ہیجنگ کے فوائد، پرائس ڈسکوری، ٹرانسپیرنسی اور رسک مینجمنٹ میکنزم کی ٹریڈنگ اور سیٹلمنٹ پراسس میں فوائد جیسے موضوعات شامل تھے۔

## ادارے

آگاہی پروگرامز سنٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) میں منعقد کیئے گئے ۔ ان سیشنز کی ابتداء پی ایم ای ایکس کے بارے میں تیار کردہ ایک ڈاکومینٹری دکھانے سے کی گئی اس کے بعد ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی جس میں ایکسچینج کے مربوط بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا گیا۔ ان سیشنز کا اختتام سوال وجواب کے بعد ہوا۔





## تعلیمی ادارے

ایکسچینج نے باہمی دلچسپی کے آگاہی پروگرامز انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے)، تابانی اسکول آف اکاؤنٹینسی، نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (این یو ایس ٹی) اور سی ای سی او ایس یونیورسٹی آف آئی ٹی اینڈ ایمرجنگ سائنسز کے طلبہ اور فیکلٹی ممبرز کیلئے منعقد کیئے۔ شرکاء کو ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کے فوائد اور ایکسچینج جو خدمات فراہم کرتا ہے اس کے بارے میں مختصراً بتایا گیا۔ نو واردگان کو کموڈٹی ٹریڈنگ سے آشنا کرنے کے لیئے ان کو میٹا ٹریڈر 5 ڈیمو ٹریڈنگ اکاؤنٹ سروس جو حقیقی طور پر کی جانے والی ٹریڈنگ سے مماثلت رکھتی ہے کہ بارے میں بتایا گیا بس فرق یہ ہے کہ اس میں فرضی رقم استعمال کی جاتی ہے۔





# آگاہی پروگرامز

کموڈٹیز فیوچرز ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی بڑھانے اور اس میں لوگوں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے پی ایم ای ایکس باقاعدگی سے ملک گیر طریقے پر پروگرامز منعقد کرتا ہے جس میں معیشت کے مختلف اسٹیک ہولڈرز مثلاً ادارے، ایسوی ایشنز، چیمبرز اور تعلیمی ادارے شامل ہیں۔ جنوری۔مارچ 2019 سہ ماہی کے دوران ایکسچینج نے درج ذیل پروگرامز منعقد کیئے:

### فیوچرز ٹریڈنگ 101

ایکسچینج نے فیوچرز ٹریڈنگ 101 کے تحت 12 سیشنز منعقد کیئے یہ بلا معاوضہ ٹریننگ سیشنز ہر بدھ کو شام 4:00 بجے سے 5:00 بجے تک پی ایم ای ایکس کے دفتر میں منعقد کیئے گئے، ان پروگرامز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ممکنا سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ ان سیشنز میں شرکاء کو فیوچرز ٹریڈنگ کے بارے میں وسیع معلومات فراہم کی گئیں اور ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے فوائد کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔

### بروکرز ٹریننگ

پی ایم ای ایکس نے اپنے بروکرز کے اشتراک سے مختلف آگاہی پروگرامز ترتیب دیئے جس میں ریز کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ اور مارکیٹ 786 (پرائیوٹ) لمیٹڈ شامل تھے۔ ریز کموڈٹیز کی توجہ کا مرکز کراچی کے لوگ تھے جبکہ مارکیٹ 786 نے حیدرآباد کے لوگوں کیلئے پروگرام ترتیب دیا۔






### روٹری کلب

روٹری کلب نے اپنے ممبران سے خطاب کرنے کیلئے پی ایم ای ایکس کے مینیجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ کو مدعو کیا۔ یہ تقریب پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی میں منعقد کی گئی اور اس میں مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شاہ صاحب نے ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی جس میں کموڈٹی فیوچرز کی پاکستان میں مارکیٹ اور ایکسچینج کے کردار کے بارے میں بتایا گیا۔ انھوں نے پی ایم ای ایکس کے بزنس ماڈل، ٹریڈنگ کیلئے پیش کی جانے والی موجودہ اور مستقبل میں پیش کی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا۔






## پی ایم ای ایکس اور ہیش موو کے مفاہمتی یادداشت پر دستخط







پی ایم ای ایکس اور ہیش موو نے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے ہیں جس کا مقصد ایک ڈیجیٹل ملٹی ماڈل لاجسٹک پلیٹ فارم کے قیام میں تعاون ہے۔ اس کے ذریعے کموڈٹی فیوچرز کے خریداروں اور بیچنے والوں کو چاہے وہ دنیا میں کہیں بھی ہوں یک جا کرنا ہے۔

اس یادداشت کا مقصد ان امکانات کا جائزہ لینا ہے جس کے ذریعے پی ایم ای ایکس کی جانب سے تیار کئے جانے لاجسٹک کے ہم آہنگ نظام کو تیار کرنا ہے جو مستقبل میں متعارف کرائے جانے والے گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی ٹی پی) کا حصہ ہے۔ ایکسچینج اس وقت بھرپور طریقہ سے جی ٹی پی کی تیاری میں مصروف ہے جس کے ذریعے مقامی کموڈٹیز کو بین الاقوامی منڈیوں میں فروخت کیلئے پیش کیا جائے گا اور شرکاء کو خریداری سے وصولیابی تک مکمل حل فراہم کیا جائے گا۔

جی ٹی پی بین لاقوامی خریداروں کو ملک میں پیدا ہونے والی کموڈٹیز جن کے معیار کی باقاعدہ تصدیق کی گئی ہو گی ایک سہل طریقہ سے خریدنے کا موقع فراہم کرے گا اور ان کی پسندیدہ منزل تک فراہمی کو یقینی بنائے گا۔ اس سلسلہ میں مڈل مین سے نجات سے خریداروں اور بیچنے والوں کو اس پلیٹ فارم کے ذریعے مناسب قیمتیں مل سکیں گی۔

جب جی ٹی پی کو ہیش موو کے ساتھ منسلک کردیا جائے گا تو پی ایم ای ایکس جنوبی ایشیاء اور مشرق وسطیٰ کا واحد ایکسچینج ہوگا جو اس قابل ہوگا کہ خریداروں کو منفرد موقع فراہم کرے گا تا کہ وہ اپنی پسند کی کموڈٹیز خرید سکیں اور ان کی فوری ترسیل کو یقینی بنا سکیں۔ یہ قیمتوں کے تعین کے مکمل نظام، اشیاء کی ترسیل اور دوران سفر ان کی موومنٹ کی مکمل معلومات فراہم کرے گا جو خریداری سے منزل مقصود تک پہنچنے تک پھیلا ہوا ہے۔

ایکسچینج کو یقین ہے کہ ہیش موو کے ساتھ اشتراک سے جی ٹی پی کو بہتر طریقہ سے کام کرنے میں مدد ملے گی اور مارکیٹ کے شرکاء کو خرید وفروخت اور ترسیل کا اچھا تجربہ ہوگا۔

## اے ڈی بی وفد کی پی ایم ای ایکس آمد

ADB ASIAN DEVELOPMENT BANK

ایشین ڈیولپمنٹ بنک (اے ڈی بی) کا ایک وفد جس کی سربراہی مس زیا ہوں ینگ، کنٹری ڈائریکٹر، پاکستان ریزیڈنٹ مشن کررہی تھیں نے پی ایم ای ایکس کا دورہ کیا اس دورہ کا مقصد پی ایم ای ایکس میں سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لینا تھا۔ ایکسچینج کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے وفد کو خوش آمدید کہا اور ان کو پی ایم ای ایکس کے بزنس ماڈل اور موجودہ اور مستقبل میں پیش کی جانے والی پراڈکٹس کی تفصیلات بتائیں۔

## پی ایم ای ایکس کی جانب سے ڈائریکٹ فنڈز ماڈل کا تعارف



اپنے قیام سے ہی پی ایم ای ایکس کا بنیادی مقصد مارکیٹ کے شرکاء کے مفادات کو تحفظ دینا ہے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے ایکسچینج مختلف اقدامات اٹھاتا رہا ہے جن کا ہدف ایک موثر اور شفاف فیوچرز مارکیٹ کا قیام اور اس کی نشونما ہے۔

اس سلسلہ میں ڈائریکٹ فنڈز ماڈل (ڈی ایف ایم) کا تعارف پی ایم ای ایکس کا تازہ ترین قدم ہے۔ اس نظام کے تحت ایکسچینج شرکاء سے براہ راست رقم وصول کرتا ہے اور ایسے ہی ان کے بینک اکاؤنٹ میں رقم منتقل کرتا ہے۔ مختصراً ڈی ایف ایم سرمایہ کاروں کو بروکر کے بغیر رقم اپنے اکاؤنٹ میں منتقل کرنے اور کیش وصول کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ اس کا لبِ لباب یہ ہے مارکیٹ کے شرکاء کو اپنے اثاثہ جات پر مکمل کنٹرول حاصل ہو جاتا ہے اور بروکرز اپنے بنیادی مقصد پر زیادہ توجہ دے سکتے ہیں جو موجودہ کلائنٹس کی بہتر خدمت کرنا اور کاروبار کو وسعت دینا ہے۔

کلائنٹس کی بنیادی معلومات کے تحفظ اور ان کے فنڈز کے غلط استعمال پر قابو پانے کیلئے ایکسچینج نے اپنے ماڈل میں مزید کنٹرولز متعارف کرائے ہیں جسے سیکیورٹی چیک اور رقم جمع کراتے اور نکالتے وقت الرٹس، ان میں کلائنٹ کی اپنے پروفائل کی منظوری بینک اکاؤنٹ (آئی بی اے این) ای میل اور موبائل فون نمبر کی ایک مخصوص یو آئی این کے ساتھ ٹیگنگ تا کہ سسٹم کی جانب سے جاری کردہ ایس ایم ایس / ای میل الرٹس ہر ایک ٹریڈ اور رقم کی ترسیل کی اطلاع دے سکے۔

پی ایم ای ایکس کو یقین ہے کہ ڈی ایف ایم کے تعارف سے ایکسچینج اپنے رسک مینجمنٹ سسٹم کو نہ صرف مضبوط کر سکے گا بلکہ اس کے ساتھ کلائنٹس کے مفادات کی حفاظت بھی کر سکے گا اور ان کے بھروسے میں اضافہ کرے گا تا کہ وہ پی ایم ای ایکس کے پلیٹ فارم پر بھرپور طریقہ سے ٹریڈنگ کریں جس کو ایس ای سی پی ریگولیٹ کرتا ہے۔

## پی ایم ای ایکس ترقی کے سفر پر گامزن




پی ایم ای ایکس نے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران 2007 میں کام شروع کرنے کے بعد پہلی بار بہترین مالی کارکردگی دکھائی ہے۔

ایکسچینج نے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں 38.817 بلین روپے کا بعد از ٹیکس منافع کمایا جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصہ میں 12.342 بلین روپے منافع کمایا تھا۔ اس طرح منافع میں 214.5 فیصد اضافہ ہوا۔ ایکسچینج کی آپریٹنگ انکم بڑھ کر 171.391 ملین روپے ہوگئی جبکہ گذشتہ سال اس عرصہ میں یہ آمدنی 118.732 ملین روپے تھی اس طرح 44.35 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا۔

منافع میں اضافہ کی بنیادی وجہ ٹریڈنگ کے حجم میں اضافہ تھا جو رواں مالی سال کے پہلے چھ ماہ کے دوران 1,577.09 بلین روپے رہا جبکہ گذشتہ سال اس عرصہ کے دوران یہ حجم 639.46 بلین روپے تھا۔ ٹریڈنگ کے حجم میں اس غیر معمولی اضافہ کی وجوہات مصنوعات کے مجموعہ میں اضافہ، نئے ممبران اور لیکویڈٹی پرووائیڈرز کی شمولیت اور عالمی شہرت رکھنے والے میٹا ٹریڈرز 5 ٹرمینل کا تعارف تھا۔

مالی کارکردگی پر اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے کہا، "ہم ایکسچینج کی موجودہ مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران شاندار کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے انتہائی خوشی محسوس کر رہے ہیں، یہ نتائج گذشتہ مالی سال کے دوران ابھرنے والے مثبت رجحانات کے تسلسل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ہمارا عزم مستحکم ہے اور ہماری توجہ کا مرکز ایک مضبوط اور شفاف ٹریڈنگ پلیٹ فارم کی تشکیل ہے تا کہ ہم اپنی صلاحیتوں کو لوگوں تک پہنچ بڑھانے، پراڈکٹس کو متنوع بنانے اور ایک جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل پلیٹ فارم فراہم کرنے کیلئے استعمال کر سکیں۔ ہم سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) اور پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مسلسل مدد اور رہنمائی کے شکر گزار ہیں"۔

# مینجنگ ڈائریکٹر کا پیغام



آپ سب کو پلس 2019 کے پہلے شمارے میں خوش آمدید۔

سال 2018 ایکسچینج کیلئے کامیابی کا ایک اور سال تھا۔ مجھے آپ کو آگاہ کرتے ہوئے مسرت ہورہی ہے کہ گذشتہ سال ایکسچینج کے ٹریڈنگ کے حجم اور منافع میں نمایاں اضافہ ہوا کیونکہ سرمایہ کاروں نے ایکسچینج کی جانب سے پیش کیئے جانے والے فیوچرز کنٹریکس کے متنوع پورٹ فولیو میں زیادہ دلچسپی لی۔ پراڈکٹ فولیو کو مزید وسعت دینے کیلئے گذشتہ سال ایکسچینج نے گندم، مکئی، سویابین، پلیڈیم اور جاپان ایکیوٹی انڈیکس کے مزید کیش سیٹلڈ فیوچرز کنٹریکس متعارف کرائے۔

مجھے یہ بتاتے ہوئے مسرت ہورہی ہے کہ ایکسچینج اس وقت ڈائریکٹ فنڈز ماڈل پر کام کررہا ہے جس کو جون 2019 تک متعارف کرادیا جائے گا جس کے بعد ہمارے ممبرز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ ڈائریکٹ فنڈز ماڈل کے تحت سرمایہ کار اپنی رقم براہِ راست ایکسچینج میں جمع اور نکال سکیں گے۔ اس ماڈل کے تحت ایکسچینج اپنے ممبرز کی تعداد میں اضافہ کرسکے گا اور ملک بھر میں پھیلے ہوئے سرمایہ کاروں کو بہتر خدمات فراہم کرسکے گا۔

ایکسچینج کو مقامی معیشت سے جوڑنے کے ہدف کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم ای - کامرس کے مختلف پلیٹ فارمز پر خلوص دل سے کام کررہے ہیں جن کے ذریعے مقامی مصنوعات فروخت کیلئے پیش کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ ہم ایک بیک اینڈ ٹریڈنگ سسٹم متعارف کرانے اور موجودہ الیکٹرانک ٹریڈنگ ٹریڈنگ سسٹم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کام کررہے ہیں۔

میں اس موقع پر پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور مارکیٹ کے شرکاء کا پی ایم ای ایکس کی مینجمنٹ ٹیم پر اعتماد اور مسلسل اعانت کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔
ترقی اور نشوونما کے ایک نئے سال کا استقبال کرتے ہوئے۔

شکریہ
اعجاز علی شاہ
مینجنگ ڈائریکٹر

# مندرجات


۱ مینجنگ ڈائریکٹر کا پیغام

۲ پی ایم ای ایکس کی جانب سے ڈائریکٹ فنڈز ماڈل کا تعارف

۳ پی ایم ای ایکس ترقی کے سفر پر گامزن

۴ پی ایم ای ایکس اور ہیش مووکے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

۵ اے ڈی بی وفد کی پی ایم ای ایکس آمد

۶ آگاہی پروگرامز

۷ پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی فراہمی کی مہم میں شرکت

۸ کارپوریٹ سوشل ذمہ داری

۹ دس سرفہرست بروکرز

۱۰ سرکلرز اور نوٹیفکیشنز

۱۱ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

۱۲ اشیاء کی قیمتوں کا رجحان

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ اس کے شیئر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئ گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروژین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔

## اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

# پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)


ہیڈ آفس
3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ،
گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان

اسلام آباد آفس
آفس نمبر جی۔۹ (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو،
بلوایریا، اسلام آباد، پاکستان

لاہور آفس
آفس نمبر 01، P2 فلور، علی ٹاور،
B2-105، ایم-ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان

کراچی: 623-623-111-21-92+
اسلام آباد: 4-2894003-051-92+
لاہور: 6-35752825-042-92+
فیکس: 35155022-21-92+

کسٹمر سپورٹ سروسز
UAN: +92-21-111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk



پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن ایجنسی: کونتے، پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

# پلس

## نیوزلیٹر

شمارہ 22، جنوری-مارچ 2019

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

